دیپ اینڈ پردیپ پروڈکشنز کا تیار کردہ

پٹرانی

اداکاران

وجینتی مالا - پردیپ کمار

پران - مبارک - للتا پوار

بپن گپتا - رندھیر - ادم - راجندر ناتھ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے اِک جھلک کے لئے

گانا نمبر ۱

آیا کون میری محفل میں دِل ہوا ہے دیوانہ
جھوم جھوم کے گائے منوا خوشی کا ترانہ
دِل نے پکارا میرے دیکھو یہ نظارے
کرے مجھے پیا میرا جیا یہ اشارے
بیت نہ جائے کہیں سماں یہ سُہانا
جھوم جھوم کے....
آ کے نہ جائے کوئی کہہ دے بہار کو
جا کے نہ منائے روٹھے میرے پیار کو
دیکھو اچھا نہیں ہے دِل کو دُکھانا
جھوم جھوم کے....

گانا نمبر ۲ گیتا رائے

آجا ذرا آجا ذرا میرے دِل کے سہارے دلربا
تیرے لئے میرے دِل میں تیری یاد ہے جواں
بیت نہ جائے یونہی زندگی۔ آتے ہیں ایسے دن کبھی کبھی
سُن لے دیوانے دِیکھے زمانے۔ لوٹ کے پھر یہ سُہانی گھڑی
آئے گی کہاں...
آجا ذرا....
تُو دُنیا میں جینے کا لے مزا۔ یہ ہوش کی باتیں ابھی بھول جا

ہنس لے بہلا لے غم کرنیوالے۔ یاد کریگا یہ باتیں میری
کہہ رہی زبان ———

آجا ذرا....

آنکھیں اٹھا کر ذرا دیکھ ادھر۔ کہتی ہے تجھے میری ڈھیٹھی نظر
ہم بھی ہیں تیرے دل بھی ہے تیرا۔ تیرے لئے ہیں میرے پیار کی
——— یہ داستان

آجا ذرا....

بسنت کمار

گانا نمبر ۳

یہ ہنستا ہوا کارواں زندگی کا نہ پوچھو چلا ہے کدھر
تمنا ہے یہ ساتھ چلتے رہیں، ہم نہ بیتے کبھی یہ سفر
زمیں سے ستاروں کی دنیا میں جائیں
وہاں بھی یہی گیت الفت کے گائیں
محبت کی دنیا ہو۔ غم سے بیگانہ
رہے نہ کسی کا بھی ڈر ——— یہ ہنستا ہوا....
بہاروں کے دن ہوں جواں ہوں نظارے
حسیں چاندنی ہو، ندی کے کنارے
نہ آئے جہاں، بھول کر یاد بھی
بسائیں وہیں..... اپنا گھر...
یہ ہنستا ہوا....

گانا نمبر ۴

بسنت کمار
گوری چوری چوری جانا بری بات ہے

تیری قیمت کی چابی میرے ہاتھ ہے

یہ لمبا سفر پاؤں نازک تیرے
تیری راہوں میں ہے گوری کانٹے بھرے
تیرا کبھی بھی بچلنا بُری بات ہے — تیری قیمت....

لچکتی مٹکتی تو کہاں چلی
ارے دھوکے ہیں دنیا میں گلی گلی
ہر قدم پر مصیبت کا ساتھ ہے — تیری قیمت...

مجھ کو جانا ہے جا پر ذرا سوچ لے
ایسا ساتھی تجھے پھر ملے نہ ملے
یہ مقدر سے ہوئی ملاقات ہے — تیری قیمت....

گانا نمبر ۵

لڑکی:۔ کس لیے مانتے ہو دل میں رنج کا اظہار کیوں
دل میں جب اقرار ہے تو منہ سے پھر انکار کیوں
آپ کی خاموشیاں اچھی نہیں لگتیں ہمیں
اجی کچھ تو کہئے کیا ہوا۔ ناراض ہیں سرکار کیوں۔ کس لیے...
دل نے چاہا آپ کو سمجھیں ہمارا کیا قصور
بات ہے چھوٹی سی پھر بھی اس قدر تکرار کیوں۔ کس لیے...
آپکے ہوتے ہوئے بھی کیوں نہ ہو دل کا علاج
سسکیاں لے لے کے مر جائیں بھلا بیمار کیوں۔ کس لیے...
بات میری مان لو دیکھو تو کہہ دو جی دل سے ہاں
لڑکا:۔ نا نا نا

گانا نمبر ۶

یہ ہوا یہ فضا یہ رات ہے تاروں بھری
آ بھی جا دلربا آرزو ہے یہ میری
یہ دل میرا ابھی تو ہے جواں - یہ پیار کے زمانے پھر کہاں
آ دو قدم میرے صنم - پاس ہے منزل تیری
آ بھی جا دلربا.....
اے جانِ جاں مجھے خواب سا - بہلا کہہ رہی ہے مسکرا
سن لے ذرا کہنا میرا - ہے التجا یہ میری
آ بھی جا دلربا....
یہ ہوا یہ فضا یہ رات ہے تاروں بھری
آ بھی جا دلربا....

گانا نمبر ۷

لڑکا:۔ آجا ذرا آجا ذرا میرے دل کے سہارے دلربا
تیرے لئے میرے دل میں تیری یاد ہے جواں
لڑکی:۔ ارے جا جا جا دیکھ لی ہے میں نے تجھ تیری
نا اتنا جا جا جا اب نہ چلے گی یہاں چالیں تیری
لڑکا:۔ تو نے نہ جانا میں ہوں دیوانہ
دل میں چھپی ہے محبت تیری
لڑکی:۔ کچھ نہیں یہاں
لڑکا:۔ آجا ذرا آجا ذرا میرے......
تیرے لئے میرے دل میں.....

سمپت کمار اور
گیتا رمیش

ارے آ آ آ مان لے گوری کہنا میرا
نہ جلا آ آ اچھا نہیں دُور رہنا تیرا

لڑکی:۔ پہلے اکڑنا پھر پاؤں پڑنا
دُنیا میں مردوں کی عادت بُری

لڑکا:۔ جائے گی کہاں آجا ذرا....

گانا نمبر ۵ — ہیمنت کمار

لڑکا:۔ او چل ہیں رہنے والی چھمّیا، ذرا سنتی جا میری بات
چھڑا کر ہاتھ اری متوالی تُو چلی کہاں

لڑکی:۔ جا ہے ڈال سُنہرا جال تیری یہ چال
ارے دیوانے نہیں چلے.... یہاں

لڑکا:۔ او چل کی پری کیوں ہوئی باوری
آجا تجھے دکھاؤں میں ستاروں کی دُنیا
چل بادلوں سے آگے کچھ اور ہی سماں ہے
ہر چیز ہے نرالی ہر زندگی جواں ہے

لڑکی:۔ جسے دیکھنے کو میری آنکھیں ترس رہی ہیں
وہ جگہ یہاں ہے ہر دم خوشیاں برس رہی ہیں
میرے خواب کی وہ دُنیا بتلاؤ تو کہاں ہے
ہر چیز ہے نرالی ہر زندگی جواں ہے

لڑکا:۔ چل بادلوں سے آگے....
ہر چیز ہے نرالی....

لڑکی: بہاریں بھی دیکھیں نظارے بھی دیکھے

جو دِل چاہتا ہے وہ سب کچھ یہاں ہے

لڑکا:۔ کمی ہے اگر کچھ تو اِتنی کمی ہے
محبت سے خالی ہمارا جہاں ہے

لڑکی:۔ بہاریں ہمیں دیکھیں۔۔۔۔
جو دِل چاہتا ہے۔۔۔
محبت یہاں دِل میں انگڑائیاں لے
جہاں دِل میں سویا ہوا پیار جاگے
بتا دو مجھے ایسی دُنیا کہاں ہے
بہاریں ہمیں۔۔۔۔۔

لڑکا:۔ وہ دُنیا وہی ہے جہاں سے چلے تھے
جہاں دو گھڑی کے لئے ہم مِلے تھے

لڑکی:۔ وہیں لے چلو تم محبت جہاں ہے
بہاریں ہمیں۔۔۔۔

ختم شُد